**08.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. شبانہ رحمان

**Music**

☆ بی جے پی 27 سال بعد دلی میں سرکار بنانے کی جانب گامزن ہے۔ بی جے پی دلی اسمبلی انتخابات میں عام آدمی پارٹی کو اقتدار سے بے دخل کرنے کے قریب پہنچ گئی ہے۔ کانگریس کو ایک بار پھر کوئی بھی سیٹ نہیں مل رہی ہے۔

☆ عام آدمی پارٹی کے سرکردہ لیڈر اروند کجریوال اور سابق نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا چناؤ ہار گئے ہیں۔

☆ بی جے پی نے 5 سیٹیں جیتی ہیں اور 43 پر آگے چل رہی ہے، جبکہ عام آدمی پارٹی نے 6 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے اور 16 پر سبقت حاصل ہے۔

☆ بی جے پی کے جیتنے والے سرکردہ امیدواروں میں پرویش صاحب سنگھ، ستیش اپادھیائے اور کرنیل سنگھ شامل ہیں۔

☆ اترپردیش میں مِلکی پور اسمبلی حلقے کے ضمنی چناؤ میں بی جے پی کو سبقت حاصل ہے، جبکہ تمل ناڈو میں Erode (East) حلقے میں ڈی ایم کے آگے چل رہی ہے۔

☆ انڈین سپر لیگ فٹبال میں آج کولکاتا میں حیدر آباد کا مقابلہ محمڈن اسپورٹنگ سے جبکہ ایسٹ بنگال کا Chennaian سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**ELECTION RESULTS**

دلی اسمبلی انتخابات کی 70 سیٹوں کے نتیجے آنے شروع ہوگئے ہیں۔ 19 مراکز پر ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔
بی جے پی نے 4 اور عام آدمی پارٹی نے 2 سیٹیں جیتی ہیں۔ اِس کے علاوہ بی جے پی کو 43 سیٹوں پر سبقت حاصل ہے، جبکہ عام آدمی پارٹی 21 سیٹوں پر آگے چل رہی ہے۔
شالیمار باغ حلقے میں بی جے پی کی ریکھا گپتا چناؤ جیت گئی ہیں، جبکہ پارٹی کے ایک اور امیدوار Manjinder سنگھ سرسا راجوری گارڈن سے جیت گئے ہیں۔ دوسری طرف عام آدمی پارٹی کے وریندر سنگھ Kadian دلی کینٹ حلقے سے

دو ہزار سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے چناؤ جیت گئے ہیں۔ اِسی پارٹی کے کلدیپ کمار نے کونڈلی سیٹ جیتی ہے۔

عام آدمی پارٹی کے سربراہ اروند کجریوال نئی دلی حلقے میں اپنے قریب ترین حریف بی جے پی کے امیدوار پرویش صاحب سنگھ سے چناؤ ہار گئے ہیں۔ عام آدمی پارٹی کے جو دیگر سرکردہ لیڈر پیچھے ہیں ان میں سومناتھ بھارتی، سوروبھ بھاردواج اور اودھ اوجھا شامل ہیں۔ مصطفیٰ آباد حلقے میں بی جے پی کے موہن سنگھ بشٹ 38ہزار سے زیادہ ووٹوں سے آگے چل رہے ہیں۔ بلیماران حلقے سے عام آدمی پارٹی کے امیدوار عمران حسین نے تقریباً 30 ہزار ووٹوں کی سبقت حاصل کرلی ہے۔ تلک نگر حلقے میں عام آدمی پارٹی کے جرنیل سنگھ نے 11 ہزار سے زیادہ ووٹوں کی سبقت حاصل کرلی ہے۔ رٹھالہ میں بی جے پی کے کلونت رانا تقریباً 30 ہزار ووٹوں سے سبقت لیے ہوئے ہیں۔

بی جے پی کے سرکردہ لیڈر اور وشواس نگر سے 3 بار کے ایم ایل اے اوم پرکاش شرما تقریباً 25ہزار ووٹوں سے سبقت لیے ہوئے ہیں۔ اِدھر عام آدمی پارٹی کے گوپال رائے بابر پور حلقے میں 17ہزار سے زیادہ ووٹوں سے آگے چل رہے ہیں۔ گریٹر کیلاش حلقے میں عام آدمی پارٹی کے سوروبھ بھاردواج پیچھے چل رہے ہیں، جبکہ مالویہ نگر میں بھی عام آدمی پارٹی کے سومناتھ بھارتی پیچھے ہیں۔ اترپردیش میں ملکی پور اسمبلی حلقے کے ضمنی چناؤ میں بی جے پی کے چندر بھانو پاسوان 40 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے آگے چل رہے ہیں۔ تمل ناڈو میں Erode (East) اسمبلی حلقے کے ضمنی چناؤ کی ووٹوں کی گنتی بھی جاری ہے۔ ڈی ایم کے پارٹی کے Chandirakumar، انتیس ہزار سے زیادہ ووٹوں سے آگے چل رہے ہیں۔

**BJP REX**

چناؤ رجحانات پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے بی جے پی نے کہا ہے کہ قومی راجدھانی کے لوگوں نے اچھی حکمرانی کے ماڈل کو ترجیح دی ہے اور بدعنوانی کے خلاف ووٹ دیا ہے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے دلی بی جے پی کے سربراہ وریندر سچدیوا نے بی جے پی کارکنوں کی کوششوں کے لیے اُن کی ستائش کی۔ پارٹی کے ایک اور لیڈر سدھانشو ترویدی نے یہ کہتے ہوئے دلی انتخابات میں پارٹی کی جیت کے بارے میں پرامیدی کا اظہار کیا ہے کہ عوام کی رائے فیصلہ کن اور بہتر ہوگی۔ اِدھر قومی راجدھانی میں دلی بی جے پی دفتر میں جشن کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے اور پارٹی کے حامیوں کو ڈھول تاشے بجاتے ہوئے اور رقص کرتے ہوئے دیکھا جارہا ہے۔

**BANGLADESH AWAMI LEAGEU**

بنگلہ دیش میں غازی پور کے مقام پر ایک پرتشدد جھڑپ اُس وقت شروع ہوگئی، جب مشتعل ہجوم نے سابق وزیر مزمل حق کی رہائش گاہ پر توڑ پھوڑ کرنے کی کوشش کی۔ مشتعل طلباء اور مقامی افراد رہائش گاہ میں گھس گئے اور توڑ پھوڑ کرنے لگے۔ تبھی قریب کی مسجد کے لاؤڈ اسپیکر سے فوری مدد کیلئے آواز آئی، جس سے کمیونٹی کے لوگ حرکت میں آگئے۔ حملے سے غصہ ہوکر

مقامی باشندوں نے ان کا بھر پور مقابلہ کیا اور توڑ پھوڑ کرنے والے کئی افراد کو زد و کوب بھی کیا۔ اس کے بعد فوج کے اہلکار پہنچ گئے اور زخمیوں کو بچا کر اسپتال لے گئے۔ گزشتہ تین دن میں یہ تیسرا واقعہ ہے، جب ہجوم کو مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔

اس دوران Transparency انٹرنیشنل نے کارروائی نہ کرنے پر بنگلہ دیش کی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور بنگلہ دیش کے استحکام اور جمہوریت کی طرف منتقلی کے عمل میں بحران پیدا ہونے کے خطرے کیلئے خبردار کیا ہے۔x

## BANGLADESH IMMIGRANTS ARRESTED

ممبئی میں کل 4 عورتوں سمیت 9 بنگلہ دیشی شہریوں کو مبینہ طور پر بغیر کسی قانونی دستاویزات کے بھارت میں مقیم ہونے کے سلسلے میں گرفتار کیا گیا۔ ایک پولیس اہلکار کے مطابق یہ لوگ چیمبور، Mahul میں تقریباً 5 سال سے رہ رہے تھے۔ RCF پولیس تھانے کے اہلکار کے مطابق ملزمین نے تسلیم کیا کہ وہ بنگلہ دیش سے تعلق رکھتے ہیں اور مارچ 2020 سے درست قانونی دستاویزات کے بغیر یہاں رہ رہے ہیں۔ اہلکار نے مزید بتایا کہ ان افراد کو متعلقہ قوانین کے تحت گرفتار کیا گیا ہے اور اس سلسلے میں مزید تفتیش جاری ہے۔x

## AMJAD ALI KHAN PERFORMS

بھارتی سفارت خانے نے ریاض شہر کیلئے رؤیل کمیشن میں سفارتی کوارٹر کے دفتر کے اشتراک سے موسیقی کے پروگرام 'تھری جنریشن، وَن مِلوڈیٔ یعنی تین نسل، ایک راگ، کی میزبانی کی، جس میں مشہور موسیقار امجدعلی خاں کی قیادت میں پانچ سرود نوازوں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ یہ لائیو کنسرٹ جمعرات کو کلچرل پیلیس میں منعقد ہوا۔ استاد امجدعلی خاں کا تھری جنریشن، وَن مِلوڈی کنسرٹ روایت اور ہنر کا دلکش امتزاج تھا۔ استاد امجدعلی خان نے اپنے بیٹوں امان اور ایان کے ساتھ ساتھ اپنے پوتوں ذُہان اور عبیر کے ہمراہ ایک ناقابل فراموش پرفارمنس پیش کی۔ استاد امجدعلی خان کو سامعین کی جانب سے خوب پذیرائی حاصل ہوئی۔x

## MAHAKUMBH

تروینی سنگم میں متعدد اہم شخصیات پوتر ڈبکی لگارہی ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آنے والے دنوں میں مہاکنبھ جائیں گی۔ مہاکنبھ میں مکرسکرانتی، بسنت پنچمی اور مونی اماوسیہ کے موقع پر تین امرت اسنان کے بعد بھی عقیدت مندوں میں کافی جوش وخروش دیکھا جارہا ہے۔ سیاست، سنیما اور کھیلوں کی اہم شخصیات بھی تروینی سنگم میں پوتر ڈبکی لگانے کیلئے مسلسل آرہی ہیں۔ نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ، وزیراعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، بالی ووڈ اداکار انوپم کھیر، اداکارہ ہیمامالنی، اداکار راج کمار راؤ، سابق کرکٹر سریش رینا، باکسنگ چمپئن وجیندر سنگھ، میری کوم اور بیڈمنٹن

اسٹار سائنا نہوال نے بھی تروینی سنگم میں پوتر ڈبکی لگائی۔ امکان ہے کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو بھی تروینی سنگم میں پوتر رسوم میں شرکت کرنے کیلئے پیر کے روز پریاگ راج جائیں گی۔ مہاکنبھ 13 جنوری کو شروع ہوا تھا اور 26 فروری تک جاری رہے گا۔×

## FRANCE PM VISIT

وزیر اعظم نریندر مودی پیر سے فرانس اور امریکہ کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ اِس دورے میں وہ مصنوعی ذہانت AI، دفاع، تجارت اور اہم شراکت داری پر توجہ مرکوزکریں گے۔ پیرس میں وہ فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں کے ساتھ AI ایکشن سَمِٹ کی مشترکہ صدارت کریں گے، جس میں مصنوعی ذہانت کے اخلاقی نظام اور عالمی ضابطہ جاتی فریم ورکس پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ وزیر اعظم فرانس کے دورے کے بعد واشنگٹن جائیں گے، جہاں وہ اِس سال جنوری میں صدر ٹرمپ کی دوسری مدّت کار شروع ہونے کے بعد سے اُن کے ساتھ پہلی ملاقات کریں گے۔×

## ISRAEL HOSTAG

جنگ بندی کی بنیاد پر یرغمالوں کی رہائی سے متعلق سمجھوتے کے حصے کے طور پر ثالثی کا کردار ادا کرنے والے ملکوں کے ذریعے حماس کی طرف سے اسرائیل کو تین اسرائیلی یرغمالوں کے نام موصول ہوئے ہیں، جنہیں آج غزہ سے رِہا کیا جائے گا۔ حماس نے کہا ہے کہ سرکاری ذرائع کے مطابق اس کے بدلے میں اسرائیل 183 فلسطینی قیدیوں کو آزاد کرے گا۔ ان اسرائیلی یرغمالوں کو 7 اکتوبر 2023 کو جنوبی اسرائیل پر حماس کے حملے کے دوران اغوا کر لیا گیا تھا۔ حماس اسرائیل پر حملے کے دوران پکڑے گئے تھائی لینڈ کے پانچ باشندوں سمیت اب تک کُل 18 یرغمالوں کو رِہا کر چکا ہے۔ اس سمجھوتے کے تناظر میں پچھلے ہفتے اسرائیل نے بھی 183 فلسطینی قیدیوں کو رِہا کیا تھا۔×

## US-LEBANON

مغربی ایشیا کے لیے امریکہ کی نائب خصوصی ایلچی Morgan Ortagus نے جنوبی لبنان سے اسرائیلی فورسز کیلئے 18فروری تک اپنا انخلاء مکمل کرنے کی وقت کی حد کے تئیں امریکہ کے عہد کو دوہرایا ہے۔ بیروت میں لبنان کے صدر Joseph Aoun کے ساتھ ملاقات کے دوران محترمہ Ortagus نے زور دے کر کہا کہ اسرائیلی فورسز مقررہ وقت تک اپنا انخلاء مکمل کرلیں گی۔

**UK-ROYAL SARI**

برطانیہ کی رائل نیوی نے روایتی اور باضابطہ تقریبات کیلئے مخصوص لباس سے متعلق اپنی پالیسی کو وسعت دی ہے۔ اِس کے تحت خاتون افسر اب اِن تقریبات کے دوران ساڑی بھی پہن سکیں گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر رائل نیوی کے Race Diversity نیٹ ورک کے چیئرمین، لانس کورپورل جیک Kanani نے کہا کہ فورس کے اقلیتی اہلکاروں کی رائے کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے، تاکہ وہ بھی اپنے ثقافتی ورثے پر برقرار رہ سکیں۔

**ISL-FOOTBALL**

انڈین سپر لیگ فٹ بال میں، شیلانگ میں کھیلے گئے ایک میچ میں ممبئی سیٹی FC نے نارتھ ایسٹ یونائیٹیڈ FC کو دو صفر سے ہرایا۔ ممبئی سیٹی FC نے آٹھ گیموں میں ہارنے کے بعد نارتھ ایسٹ یونائیڈیڈ FC کو شکست دی ہے۔ اس جیت کے ساتھ 31 پوائنٹ حاصل کرکے وہ چوتھے مقام پر پہنچ گئی ہے۔ آج شام پانچ بجے حیدرآباد میں محمڈن FC کا مقابلہ حیدرآباد FC سے، جبکہ شام سات بجے کولکتہ میں، ایسٹ انڈیا کا مقابلہ Chenaian سے ہوگا۔x

**TENNIS MUMBAI OPEN**

ٹینس میں، مایا راجیشوَرن، ممبئی میں L&T ممبئی اوپن کے، خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ 15 سالہ مایا نے، کوارٹر فائنل میں جاپان کی Mei Yamaguchi کو چھ-چار، تین-چھ، چھ-دو سے ہرایا۔ اب سنگلز میں وہ بھارت کی محض واحد کھلاڑی رہ گئی ہیں اور آج سیمی فائنل میں اُن کا مقابلہ سوئٹزرلینڈ کی Jil Teichmann سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆